سوال

(111)مکہ مکرمہ میں چار مصلے مقلدین کے لیے ہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہم نے سنا ہے کہ مکہ مکرمہ میں چار مصلے ہیں اوروہ بھی مقلدین کے لئے مخصوص ہیں، اس کے متعلق حقیقت حال سے آگاہ فرمائیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

توحید کی نشرواشاعت میں مصروف حکومت سعودیہ کے عہد مبارک سے بیت اللہ میں ایک ہی مصلیٰ ہے۔ وہ بھی اللہ کے حکم کی تعمیل کے پیش نظر ہے کہ ’’تم مقام ابراہیم کونماز کی جگہ بناؤ۔‘‘ [۲/البقرہ:۱۲۵]

وہاں آج کل ایک ہی مصلیٰ ہے۔ چار نہیں ہیں تقلید جامد کی نحوست سے کسی وقت وہاں چار مصلے تھے۔ اس وقت جب حنفی مصلیٰ پر نماز ہوتی توشافعی اپنے مصلیٰ پر نماز پڑھتے تھے، یعنی بیت اللہ جووحدت ملت کی علامت تھا اسے چار حصوں میں تقسیم کردیا گیا تھا، اللہ تعالیٰ حکومت سعودیہ کوجزائے خیر دے کہ اس نے چار مصلوں کو ختم کرکے صرف ایک مصلیٰ پر لوگوں کوجمع کردیا۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد:2 صفحہ:148